NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

امیگریشن عدالت 101

اردو | Urdu

امیگریشن عدالت میں، آپ کو ایک امیگریشن جج کے سامنے اپنے کیس کا دفاع کرنے اور یہ ظاہر کرنے کا موقع ملے گا کہ آپ کو ریاستہائے متحدہ میں رہنے کی اجازت کیوں دی جانی چاہیے۔ اگر آپ امیگریشن عدالت میں اپنا کیس ہار جاتے ہیں، تو آپ اپیل دائر کر سکتے ہیں۔

آپ کو ملک بدر کیا جا سکتا ہے، اگر:

- آپ امیگریشن عدالت میں مقدمہ ہار جاتے ہیں اور اپیل نہیں کرتے،
- آپ اپیل کرتے ہیں اور ہار جاتے ہیں۔

امیگریشن عدالت میں کون ہوگا؟

- وہاں ایک امیگریشن جج ہوگا جو فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو ریاستہائے متحدہ میں رہنے کی اجازت ہے۔
- وہاں ایک وکیل ہوگا جو حکومت کے لیے کام کرتا ہے۔ ان کا کام ریاستہائے متحدہ کی حکومت کی نمائندگی کرنا ہے۔ وہ آپ کے
- لیے کام نہیں کرتے۔
- اگر آپ کے پاس وکیل ہے، تو انہیں ہمیشہ آپ کے ساتھ کمرہ عدالت میں رہنے کی اجازت ہوتی ہے، اور وہ آپ کو کال کر سکتے ہیں اور مل سکتے ہیں۔

یاد رکھیں: حکومت آپ کو وکیل فراہم نہیں کرے گی، لیکن آپ عدالت میں اپنی نمائندگی کے لیے وکیل کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔

اپنی امیگریشن عدالت کی تاریخ چیک کرنا

- اپنی عدالت کی تاریخ چیک کرنے کے لیے، آپ کو اپنے A-نمبر (A-number) کی ضرورت ہوگی۔ (مثال: A 000-000-000)۔ یہ نمبر حکومت کی طرف سے جاری کیا جاتا ہے اور امیگریشن کی دستاویزات پر موجود ہوتا ہے۔
- خودکار کیس انفارمیشن سسٹم (Automated Case Information system) کا استعمال کرتے ہوئے اپنی سماعت کے بارے میں معلومات چیک کریں۔ ذیل میں دو طریقے دیے گئے ہیں:
  - ہاٹ لائن نمبر 1-800-898-7180 پر کال کریں۔ اپنا A-نمبر درج کریں اور آپریٹر کی ہدایات پر عمل کریں۔
  - ویب پیج ملاحظہ کریں: https://acis.eoir.justice.gov/en/۔ سرچ باکس میں اپنا A-نمبر ٹائپ کریں اور "Enter" (داخل کریں) پر کلک کریں۔

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

امیگریشن عدالت 101

اردو | Urdu

اپنی اصالتاً سماعت (In-person hearing) کو ورچوئل/ٹیلیفونک سماعت میں تبدیل کرنا

اگر آپ اپنی اصالتاً امیگریشن عدالت کی سماعت کو آن لائن یا ٹیلیفونک فارمیٹ میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو عدالت میں ایک باضابطہ درخواست دائر کرنی ہوگی۔ یہ ضروری ہے کہ اگلی طے شدہ سماعت کی تاریخ سے پہلے جلد از جلد درخواست جمع کرائی جائے۔ ایسا کرتے وقت، آپ کو کسی وکیل سے مشورہ کرنا یاد رکھنا چاہیے۔

- قانونی مشورہ کسی وکیل سے لیا جانا چاہیے، جو ضروری کاغذی کارروائی کو صحیح طریقے سے تیار کرنے اور دائر کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔
- آپ کو عدالت میں سماعت کا طریقہ کار تبدیل کرنے کی درخواست (Motion to Change Hearing Format) دائر کرنے کی ضرورت ہوگی۔ امیگریشن جج درخواست کا جائزہ لے گا اور آپ کو یا آپ کے وکیل کو فیصلے سے آگاہ کرے گا۔
- اگر درخواست منظور ہو جاتی ہے، تو سماعت آن لائن ہوگی؛ اگر اسے مسترد کر دیا جاتا ہے، تو سماعت اصالتاً رہے گی۔

قانونی نمائندگی کی تلاش

حالیہ مہینوں میں، امیگریشن عدالتوں کے اندر امیگریشن قوانین کے نفاذ کی سرگرمیوں کی اطلاعات ملی ہیں۔ اگر آپ کو حراست میں لیا جاتا ہے تو اس صورتحال کے لیے آپ کے پاس ایک منصوبہ ہونا چاہیے۔ اگر آپ کے سوالات ہیں، تو کسی وکیل سے بات کریں۔

امیگریشن کی مفت اور صیغہ راز میں رکھی جانے والی قانونی مدد کے لیے، میئر کا دفتر برائے امورِ تارکینِ وطن (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA) کی امیگریشن لیگل سپورٹ ہاٹ لائن پر کال کریں:

1-800-354-0365

پیر سے جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے

ہر امیگریشن عدالت کے پاس قریب ہی موجود مفت یا کم لاگت والے امیگریشن قانونی خدمات فراہم کرنے والوں کی فہرست ہوتی ہے۔

اپنی عدالت کے قریب امیگریشن کی مفت قانونی تنظیموں کی فہرست پہلے سے دیکھنے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا وزٹ کریں: www.justice.gov/eoir/list-pro-bono-legal-service-providers

یہ فلائر صرف عمومی معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مشورے کے لیے کسی وکیل سے رجوع کریں۔